(معروضی طرز)

اسلامیات (لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) پرچہ II (معروضی طرز)

وقت: 15 منٹ کُل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

www.ilmkidunya.com

1-1 جنت کا راستہ ہے:
(A) تجارت (B) علم (C) زراعت (D) مال

-2 اللہ نے انسان کو سکھایا ________ کے ذریعے۔
(A) تیر (B) تلوار (C) قلم (D) بندوق

-3 اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مسلمانوں کو ترغیب دو:
(A) اقتدار کی (B) دولت کی (C) شہرت کی (D) جہاد کی

-4 تَصْدِيَةً کا معنی ہے:
(A) تالیاں (B) سیٹیاں (C) ساز (D) باجے

-5 ان لوگوں سے لڑتے رہو یہاں تک کہ باقی نہ رہے:
(A) دنیا (B) فتنہ (C) جان (D) قتل

-6 سورۃ الانفال کی آیات ہیں:
(A) 35 (B) 50 (C) 75 (D) 76

-7 انسان زمین پر اللہ تعالیٰ کا ہے:
(A) علم بردار (B) فرشتہ (C) خلیفہ (D) نگہبان

-8 حَرِّضِ کا معنی ہے:
(A) خاموش رہو (B) ترغیب دو (C) بیٹھے رہو (D) توجہ نہ دو

-9 نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "مجھ سے ایک بھی سنو تو اسے آگے پہنچاؤ"
(A) نصیحت (B) مشورہ (C) آیت (D) حکم

-10 سب سے فضیلت والا عمل ہے:
(A) سکول بنانا (B) دوستی کرنا (C) لا الہ الا اللہ (D) احتیاط برتنا

(انشائیہ طرز)

اسلامیات (لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ (حصہ اول) کُل نمبر: 40

www.ilmkidunya.com

-2 کوئی سے چھ (6) اجزا کے مختصر جوابات لکھیے۔
(i) مالِ غنیمت سے کیا مراد ہے؟
(ii) سورۃ الانفال میں مومنین کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟
(iii) أَعِدُّوا اور رَمَيْتَ کا مطلب کیا ہے؟
(iv) خیانت سے کیا مراد ہے؟
(v) سورۃ الانفال میں کفار کے مطالبے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے عذاب کیوں نہ نازل کیا؟
(vi) یوم الفرقان سے کیا مراد ہے؟
(vii) کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کو کونسے کام کرنے کا حکم دیا گیا؟
(viii) آلِ فرعون کی بربادی کے کیا اسباب بیان کیے گئے؟
(ix) إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ کا ترجمہ لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) اجزا کے مختصر جوابات لکھیے۔
(i) حدیث کی روشنی میں تکمیل ایمان کے چار اصول تحریر کیجیے۔
(ii) حدیث کے مطابق علم حاصل کرنا کن پر ضروری ہے؟ حدیث کا ترجمہ کیجیے۔
(iii) رشوت کے دو نقصانات بیان کیجیے۔
(iv) اللہ تعالیٰ سے ایمان اور محبت کا تقاضا کیا ہے؟
(v) پہلی وحی میں کس بات پر زور دیا گیا ہے؟
(vi) زکوٰۃ کے چار مصارف تحریر کیجیے۔
(vii) قرآن کے مطابق اللہ سے ڈرنے والے لوگ کون ہیں؟
(viii) اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں کسی قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔
(ix) اپنے نصاب کی روشنی میں بتائیے کہ انسان کی عظمت کس میں ہے؟

(حصہ دوم)

www.ilmkidunya.com

-4 درج ذیل آیات قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے۔
(الف) وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۖ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ○
(ب) إِذْ يَقُولُ الْمُنٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ
(ج) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ○

-5 درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیے۔
لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا

-6 حفاظتِ قرآن پر نوٹ لکھیے۔ یا فضائلِ قرآن کی وضاحت کیجیے۔

☆☆☆☆☆